جھوٹے مسلمان اوریورپی اقوام:

از

احسان اللہ کیانی

ایک تحریر نظر سے گزری، جس میں کہا گیا تھا

پاکستان میں اتنے فیصد لوگ تبلیغ کرتے ہیں، اتنے فیصد لوگ محفل نعت منعقد کرواتے ہیں، اتنے فیصد لوگ ہر ماہ خیرات دیتے ہیں

لیکن

یہ بددیانتی اور جھوٹ میں دنیامیں اتنے اتنے نمبر پر ہیں۔

ساتھ ہی یورپ اور غیر مسلموں کی تعریفیں شروع کردی گئی

محترم کہنے لگے، یورپ والے جھوٹ نہیں بولتے، بددیانتی نہیں کرتے۔

وہ مسلمانوں سے بہتر ہیں

بس ان کے پاس ایمان نہیں ہیں، باقی ساری باتیں مسلمانوں والی ہیں۔

میں ان گمنام صاحب کی خدمت میں صرف ایک بات پیش کرتا ہوں، امید ہے انھیں حقیقت حال کا اندازہ ہو جائے گا۔

جناب

یورپ کا بہترین ملک امریکاہے، وہ دنیامیں تھذیب واخلاق کا مرکز سمجھا جاتا ہے، وہاں سو فیصد لوگ باشعور ہیں، تعلیم یافتہ ہیں، ان سب نے مل کر جسے اپنے لیے اپنا قائد بنایاہو گا، یقیناوہ دنیاکیلیئے رول ماڈل ہو گا۔

جی ہاں

میں امریکا کے صدر کی بات کر رہاہوں۔

جن کانام ڈونلڈ ٹرمپ ہے۔

یہ سال 2017میں تقریبادوہزار مرتبہ جھوٹ بول چکے ہیں